# بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

## پریس ریلیز 41/25

جملہ متعلقین کے علم میں ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام منعقد ہونے والا امتحان سیکنڈری سکول سیکنڈ اینول 2025ء مورخہ 29-09-2025 بروز سوموار سے شروع ہو رہا ہے۔ جس کے لیے پرائیویٹ امیدواران کی رولنمبر سلپس ان کے داخلہ فارم پر دیئے گئے پتہ پر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک ارسال کر دی گئی ہیں۔ امسال بھی بورڈ سے الحاق شدہ جملہ ادارے اپنا پاسورڈ (Password) استعمال کرتے ہوئے بورڈ کی ویب سائٹ سے رولنمبر سلپس ڈاؤن لوڈ کر کے سربراہ ادارہ اپنی مہر و دستخط ثبت فرما کر امیدوار کو جاری کریں۔ واضح رہے کہ ریگولر طلبہ و طالبات کیلئے امتحانی مرکز میں صرف انکے سربراہ ادارہ (بشرطیکہ وہ ادارہ بورڈ ہذا سے الحاق شدہ ہو) کی مہر و دستخط والی جاری کردہ رولنمبر سلپ ہی قابلِ قبول ہو گی۔

امیدواران کی سہولت کے پیشِ نظر بورڈ ہذا نے اپنی ویب سائٹ (www.bisegrw.edu.pk) پر امتحانِ مذکورہ کے پرائیویٹ امیدواران کی رولنمبر سلپیں اپ لوڈ کر دی ہیں۔ پرائیویٹ امیدواران اپنی رولنمبر سلپ درج بالا ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ ڈاؤن لوڈ شدہ رولنمبر سلپ بھی امتحانی مرکز میں قابل قبول ہو گی۔

پرائیویٹ امیدواران جن کی اہلیت نامکمل ہے، اُن کو اعتراض ختم کرانے کے لئے یاددہانی مراسلہ جات جاری کر دیئے گئے ہیں۔ ان امیدواران کے مفاد میں ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ فی الفور اعتراضات دور کروا کر اپنی رولنمبر سلپس بورڈ سے حاصل کر لیں۔ دفتر کا اعتراض ختم نہ ہونے کی صورت میں رولنمبر سلپس جاری نہیں کی جائیں گی اور اس کی تمام تر ذمہ داری امیدواران پر عائد ہو گی۔ تاہم جن امیدواران کو مورخہ 19-09-2025 تک رولنمبر سلپس موصول نہ ہوں وہ بذریعہ ٹیلی فون نمبر 055-9200751-55 (ایکسٹینشن نمبر 166) / 055-3892634 اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (میٹرک) بورڈ ہذا سے رابطہ کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

**نوٹ:** رولنمبر سلپ نہ ملنے کی صورت میں امتحان کے آغاز سے پہلے نئی رولنمبر سلپ کے اجراء کیلئے بورڈ کے دفتر داخلہ فارم / فیس جمع کروانے کی رسید لانا لازم ہے۔

دستخط۔

**(سید نوید حیدر شیرازی)**

(چیئرمین / کمشنر)

**کاپی برائے اطلاع:**

1. سربراہان تمام تعلیمی ادارہ جات۔
2. جناب ڈائریکٹر تعلقات عامہ گوجرانوالہ ریجن، گوجرانوالہ
3. سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ اینڈ ای میل ملحقہ ادارہ جات)
4. داخلی تقسیم

**اسسٹنٹ سیکرٹری (اکیڈمکس)**

مورخہ: 16-09-2025